ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

کوئس مشروبات کی جانب سے سندھ پولیس کو سرجیکل ماسک و دیگر اشیاء عطیہ کی گئیں۔

کراچی 20 مئی 2020ء:۔

کورونا وائرس کے خلاف سندھ پولیس کے انسدادی اقدامات کو سراہتے ہوئے امروز سینٹرل پولیس آفس میں کوئس مشروبات بنانیوالے فرقان عابد اور اُسامہ عابد نے سندھ پولیس کے لیئے سرجیکل ماسک، این 95 ماسک، حفاظتی لباس کٹس، صابن اور مشروبات وغیرہ بطور عطیہ پیش کیئے۔

اس موقع پر آئی جی سندھ مشتاق احمد مہر نے بالخصوص کورونا وائرس اور بالعموم رمضان المبارک کے دوران سندھ پولیس کی خدمات کا کوئس مشروبات کی جانب سے سراہے جانے اور ضروری حفاظتی اشیاء عطیہ کیئے جانے پر کوئس فوڈ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سندھ پولیس ہمیشہ سے عوام کے جان و مال کے تحفظ میں پیش پیش ہے اور تاجر برادری کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ سندھ کی عوام/تاجر برادری و دیگر کمیونٹیز پولیس کی پیشہ ورانہ خدمات کو نا صرف سراہتے ہیں بلکہ سندھ پولیس کے شہداء کے لیئے ان کے دلوں میں ہمدردانہ جذبات اور احساسات رکھتے ہیں اور انکی فیملیز کو تحائف وغیرہ دینا اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس موقع پر کوئس فوڈ نے سندھ پولیس کو کورونا کے خلاف فرنٹ لائن فورس کے طور پر خدمات انجام دینے پر اپنی جانب سے ہر ممکن مدد اور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

-:-:-:-:-:-:-:-